# اقوال حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام

<"xml encoding="UTF-8?>

## حدیث (۱)

قال الامام الحسن العسکری علیه السلام :

من تواضع فی الدنیا لاخوانه فهو عند الله من الصدیقین و من شیعةعلی ابن ابی طالب حقا (۱)

ترجمہ ۔

حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام فرماتے ھیں :

جو شخص دنیا میں اپنے مومن بھائیوں کے ساتھ تواضع و انکساری کے ساتھ پیش آئے گا،خدا کے نزدیک اس کا شمار صدیقین اور علی ابن ابی طالب(ع) کے شیعوں میں سے ھو گا ۔

## حدیث (۲)

قال الامام الحسن العسکری علیه السلام :

ان الله جعل للشر اقفالا و جعل مفاتیح تلک الاقفال الشراب ، و الکذب شر من الشراب (۲)

ترجمہ ۔

حضرت امام حسن عسکریعلیہ السلام فرماتے ھیں :

خدا وند عالم نے شر کے لئے بھت سے قفل قرار دئے ھیں۔ انکی کنجی شراب ھے اور جھوٹ بولنا شراب سے بھی بد تر ھے ۔

## حدیث (۳)

قال الامام الحسن العسکری علیه السلام :

رد المعتاد عن عادته کالمعجز(۳)

ترجمہ ۔

حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام فرماتے ھیں :

لوگوں کی غلط عادتیں چھڑا دینا معجزہ سے کم نھیں ھے ،

## حدیث (۴)

قال الامام الحسن العسکری علیه السلام :

اشد الناس اجتهاد ا من ترک الذنوب (۴)

ترجمہ ۔
حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام فرماتے ھیں :
تمام لوگوں میں مجاھد ترین شخص وہ ھے جو گناہ کو ترک کر دے ۔

## حدیث (۵)

قال الامام الحسن العسکری علیه السلام :
لا تمار فیذھب بھاؤک ، و لا تمازح فیجتر ء علیک ( ۵ )

ترجمہ ۔
حضرت امام حسن عسکریعلیہ السلام فرماتے ھیں :
جدال نہ کرو ورنہ احترام ختم ھو جائیگا ، اور ھنسی و مذاق نہ کرو ورنہ لوگ گستاخی سے پیش آئیں گے ۔

## حدیث (۶)

قال الامام الحسن العسکری علیه السلام :
لیست العبادة کثرة الصیام و الصلاة ، و انما العبادة کثرة التفکر فی امر اللّٰہ ( ۶ )

ترجمہ ۔
حضرت امام حسن عسکر ی علیہ السلام فرماتے ھیں :
کثرت روزہ و نماز کو عبادت نھیں کھتے بلکہ امر خدا میں تدبر و تفکر کرنا عبادت ھے ۔

## حدیث (۷)

قال الامام الحسن العسکری علیه السلام :
من الفواقر التی تقصم الظھر جار ان رای حسنةً اطفاھا ، وان رایٰ سیئة افشاھا ( ۷ )

ترجمہ
حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام فرماتے ھیں :
کمر شکن بلاؤں میں سے ایک وہ ھمسایہ ھے جو جب کوئی اچھائی وخوبی دیکھتا ھے تو چھپاتا ھے اور جب برائی دیکھتا ھے تو اسے فاش کرتا ھے ۔

حوالہ:

١ـبحار ج٧٥ص١١٧

٢ـ وسائل الشيعه ج٢ ص ٢٢٣

٣ـ بحار ج ١٧ ص ٢١٧

٤ـبحار ج ٧٨ ص ٣٧٣

٥ـتحف العقول ص ٨٨٦

٦ـتحف العقول ص ٨٩٠

٧ـتحف العقول ص ٨٩٠

www.al-hadj.com